**[TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]**

**A**

**Bill**

*to amend the Pakistan Air Safety Investigation Act, 2023*

WHEREAS it is expedient to amend the Pakistan Air Safety Investigation Act, 2023 (L of 2023), in the manner and for the purposes hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows:

**1. Short title and commencement.**– (1) This Act shall be called the Pakistan Air Safety Investigation (Amendment) Act, 2026.

(2) It shall come into force at once.

**2. General Amendment, L of 2023.**– In the Pakistan Air Safety Investigation Act, 2023 (L of 2023), hereinafter referred to as "the said Act", for the word "Director", wherever occurring, the words "Director General" shall be substituted.

**3. Amendment of section 2, L of 2023.**– In the said Act, in section 2,-

(a) in clause (b), for the word "invekigation", the word "investigation" shall be substituted;

(b) after clause (e), the following new clause (ea) shall be inserted, namely;

"(ea) "Airports Authority" means the Pakistan Airports Authority established under the Pakistan Airports Authority Act, 2023 (XLV of 2023) ;" ;

(c) in clause (f), for the expression "Pakistan Civil Aviation Ordinance, 1982 (Ordinance XXX of 1982)" the expression "Pakistan Civil Aviation Act, 2023 (XLIX of 2023)" shall be substituted;

(d) in clause (h), for the words "Bureau of Aircraft Accident investigation" the words "Bureau of Aircraft Safety Investigations of Pakistan" shall be substituted;

(e) after clause (h), the following new clause (ja) shall be inserted, namely:-

" (ja) "Division concerned" means the Division concerned with the affairs of this Act;" ;

(f) in clause (p), for the word "Aviation" the words "Division concerned" shall be substituted; and

(g) in clause (s), for the words "Aviation Division" the words "Division concerned" shall be substituted.

**4. Amendment of section 3, L of 2023.**– In the said Act, in section 3, in sub-section (1), after

the word "Investigations", the words "of Pakistan" shall be inserted.

**5. Amendment of section 4, L of 2023.**– In the said Act, in section 4, in sub-section (2), for the word "be", the word "by" shall be substituted.

**6. Amendment of section 5, L of 2023.**– In the said Act, in section 5, the words "under his hand", wherever occurring, shall be omitted.

**7. Amendment of section 6, L of 2023.**– In the said Act, in section 6,-

(a) in sub-section (1), for the word "Means", the word "means" shall be substituted; and

(b) in sub-section (3), for the word "inciden", the word "incident" shall be substituted.

**8. Amendment of section 8, L of 2023.**– In the said Act, in section 8, for sub-section (2), the following shall be substituted:

"(2) The Director General shall investigate incidents that are repetitive or impose a risk to air safety and may also investigate such other incidents which require investigation in interest of improving air safety."

**9. Amendment of section 9, L of 2023.**– In the said Act, in section 9, in sub-section (1), after the word "of ", the word "and " shall be omitted.

**10. Amendment of section 10, L of 2023.**– In the said Act, in section 10, in sub-section (2), in clause (a), for the words "In investigation" the words "an investigation by any agency other than the Bureau" shall be substituted.

**11. Amendment of section 11, L of 2023.**– In the said Act, in section 11,-

(a) in sub-section (1), for the words and commas "Director and every investigator, officer, expert, servant and other person employed in", the words and a comma "Director General, a whole-time investigator or other regular employee of " shall be substituted;

(b) in sub-section (2), for the words "a written certificate under his hand" the words "a declaration" shall be substituted; and

(c) after sub-section (3), the following new sub-sections (4), (5) and (6) shall be added, namely;-

"(4) If a former Director General, a whole-time investigator or other regular employee of the Bureau wants relaxation of any of the prohibition contained in sub- section (1) or sub-section (6), he may, by swearing an affidavit of absence of conflict of interest, apply to the Secretary for such relaxation.

(5) If no conflict of interest is found after scrutiny of the last two

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

## PAKISTAN AIR SAFETY INVESTIGATION (AMENDMENT) ACT, 2025

Aviation Division has merged in Defence Division in February 2025 while the Aviation Division/ Ministry is still reflected in the Pakistan Air Safety Investigation Act 2023. Name of the Bureau of Air Safety Investigation is corrected and Pakistan is added in its name to make the acronym 'BASIP' instead of BASI. Its 'Director' is renamed as 'Director General' in line with other similar organizations. Restriction on part-time or temporary employees is unreasonable and deter experts from working for the Bureau and after service restrictions for aviation sector jobs have been confined to the former Director General, whole-time investigator or other regular employee of the Bureau. In case the officer has served less than three years in the Bureau, a reduced restriction period has been proposed for a subsequent aviation related employment. The Secretary Defence may, on case-to-case basis and in the absence of conflict of interest, relax the restriction as to employment etc. of a former employee of the Bureau. All offence under the Act require only summary inquiry and may be tried in a summary manner. This is necessary to ensure certainty of punishment for a wrongful act/ commission of an offence. Further, many patent error have also been identified in the Act which are proposed to be corrected. Hence, this Bill.

**(Khawaja Muhammad Asif)**
Minister for Defence

years' service in the Bureau by the applicant, the Secretary may grant the relaxation under sub-section (4).

(6) In case the Director General, a whole-time investigator or other regular employee of the Bureau has served less than three years, after service prohibition under sub-section (1) shall be for one year only."

**12. Amendment of section 12, L of 2023.**– In the said Act, in section 12,-

(a) in sub-section (1), for the word "him" the words "in the investigation" shall be substituted; and

(b) in sub-section (2), for the word "approyal" the word "approval" shall be substituted.

**13. Amendment of section 30, L of 2023.**– In the said Act, in section 30, for the expression "under section 21, 23, 24 and 26" the words "under this Act" shall be substituted.

**14. Amendment of section 34, L of 2023.**– In the said Act, in section 34, in sub-section (2), in clause (a), for the expression "in terms of section 32", the words "or Airports Authority" shall be substituted.

**15. Amendment of section 37, L of 2023.**– In the said Act, in section 37, for the letter "o", the word "or" shall be substituted.

---

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# پاکستان فضائی تحفظ تحقیقات ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں ترمیم کرنے کا بل

ہرگاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان فضائی تحفظ تحقیقات ایکٹ، ۲۰۲۳ء (۵۰ بابت ۲۰۲۳ء) کی اس طریقہ کار میں اور بعدازاں ظاہر ہونے والی اغراض کے لیے ترمیم کی جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:-

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ پاکستان فضائی تحفظ تحقیقات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، عمومی ترمیم:۔** پاکستان فضائی تحفظ تحقیقات ایکٹ، ۲۰۲۳ء (۵۰ بابت ۲۰۲۳ء)، جس کا بعدازاں ''مذکورہ ایکٹ'' کے طور پر حوالہ دیا جائے گا، میں لفظ ''ڈائریکٹر''، جہاں کہیں آئے، کو الفاظ ''ڈائریکٹر جنرل'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۳۔ **۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۲ میں،۔

(الف) شق (ب) میں، لفظ ''invekigation''، کو لفظ ''investigation'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(ب) بعدازاں شق (ہ) حسب ذیل نئی شق (ہ الف) شامل کر دی جائے گی، یعنی:

''(ہ الف) ''ائیر پورٹس اتھارٹی'' سے پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی ایکٹ ۲۰۲۳ء (۴۵ بابت ۲۰۲۳ء) کے تحت قائم کردہ پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی مراد ہے؛''؛

(ج) شق (و) میں، عبارت ''پاکستان سول ایوی ایشن آرڈیننس، ۱۹۸۲ء (آرڈیننس نمبر ۳۰ مجریہ ۱۹۸۲ء) کو عبارت ''پاکستان سول ایوی ایشن ایکٹ، ۲۰۲۳ء

(نمبر ۴۹ بابت ۲۰۲۳ء) سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(د) شق (ح) میں، الفاظ ''ہوائی جہاز کے حادثات کی تحقیقات کا بیورو'' کو الفاظ ''پاکستان کے ہوائی جہاز حفاظتی تحقیقات کا بیورو'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے؛

(ہ) شق (ح) کے بعد، حسب ذیل نئی شق (ی الف) شامل کر دی جائے گی، یعنی:۔

''(ی الف) ''متعلقہ ڈویژن'' سے وہ متعلقہ ڈویژن مراد ہے جو اس ایکٹ کے امور سے متعلق ہے؛''؛

(و) شق (ع) میں لفظ ''ایوی ایشن'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ز) شق (ق) میں، الفظ ''ایوی ایشن ڈویژن'' کو الفاظ ''متعلقہ ڈویژن'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے؛

۴۔ **۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۳ کی ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ ''تحقیقات'' کے بعد، الفاظ ''پاکستان'' شامل کر دیے جائیں گے۔

۵۔ **۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۲) میں، لفظ ''ہونا''، کو لفظ ''کی جانب سے'' تبدیل کر دیا جائے گا۔

۶۔ **۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۵ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۵ میں الفاظ ''اس کے دستخط کے تحت''، جہاں کہیں آئیں، حذف کر دیے جائیں گے۔

۷۔ **۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۶ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۶ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ ''Means'' کو لفظ ''means'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۳) میں، لفظ ''inciden''، کو لفظ ''incident'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۸۔ **۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۸ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۸ کی ذیلی دفعہ (۲) کوحسب ذیل سے تبدیل کر دیا جائے گا:

''(۲) ڈائریکٹر جنرل ایسے واقعات کی تحقیقات کروائے گا جو بار بار رونما ہوتے ہیں یا جو فضائی حفاظت کے لیے خطرے کا موجب بنتے ہیں، اور وہ ایسے دیگر واقعات کی بھی تحقیقات کروا سکے گا جن کی تحقیقات فضائی حفاظت میں بہتری کے لیے فائدہ مند ہوں۔''

۹۔ **۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۹ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۹ کی ذیلی دفعہ (۱) میں لفظ ''کا'' کے بعد لفظ ''اور'' حذف کر دیا جائے گا۔

۱۰۔ **۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۱۰ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ (۲) کی شق (الف) میں، الفاظ ''تحقیقات میں'' کو الفاظ ''بیورو کے علاوہ کسی ادارے کی جانب سے کی گئی تحقیقات'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

۱۱۔ **۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۱۱ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۱۱ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ اور سکتوں ''ڈائریکٹر اور ہر تفتیش کار، افسر، ماہر، ملازم اور اس میں ملازم دیگر شخص''، کو الفاظ اور سکتے ''ڈائریکٹر جنرل، ایک کل وقتی تفتیش کار یا اس کا کوئی دوسرا مستقل ملازم'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں، الفظ ''اس کے اپنے ہاتھ سے تحریر کردہ سند'' کو الفاظ ''اقرار نامے'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے؛ اور

(ج) ذیلی دفعہ (۳) کے بعد، حسب ذیل نئی ذیلی دفعات (۴)، (۵) اور (۶) کا اضافہ کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(۴) اگر بیورو کا کوئی سابق ڈائریکٹر جنرل، کل وقتی تفتیش کار یا کوئی دیگر مستقل ملازم ذیلی دفعہ (۱) یا ذیلی دفعہ (۲) میں متذکرہ کسی امتناع میں رعایت چاہتا ہو تو وہ، مفادات کے ٹکراؤ کے عدم وجود کا حلف نامہ دے کر مذکورہ رعایت کے لیے سیکرٹری کو درخواست دے سکے گا۔

''(۵) اگر درخواست گزار کی بیورو میں گزشتہ دوسالہ ملازمت کی جانچ پڑتال کے بعد مفادات کا کوئی ٹکراؤ سامنے نہ آئے تو سیکرٹری ذیلی دفعہ (۴) کے تحت رعایت کی منظوری دے سکے گا۔

''(۶) بیورو کا ڈائریکٹر جنرل، کل وقتی تفتیش کار یا کوئی دیگر مستقل ملازم جس کی مدت ملازمت تین سال سے کم ہونے کی صورت میں امتناع ملازمت کے بعد ذیلی دفعہ (۱) کے تحت صرف ایک سال کے لیے ہوگی۔''

۱۲۔ **<u>۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۱۲ کی ترمیم:۔</u>** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۱۲ میں،۔

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں، لفظ ''اس'' کو الفاظ ''تحقیقات میں'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے؛ اور

(ب) ذیلی دفعہ (۲) میں لفظ ''approyal'' کو لفظ ''منظوری'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

۱۳۔ **<u>۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۳۰ کی ترمیم:۔</u>** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۳۰ میں، عبارت ''دفعہ ۲۱، ۲۳، ۲۴ اور ۲۶ کے تحت'' کو الفاظ ''اس ایکٹ کے تحت'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

۱۴۔ **<u>۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۳۴ کی ترمیم:۔</u>** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۳۴ میں، ذیلی دفعہ (۲) کی، شق (الف) میں، عبارت ''دفعہ ۳۲ کے مفہوم میں'' کو، الفاظ ''یا ائیر پورٹس اتھارٹی'' سے تبدیل کر دیے جائیں گے۔

۱۵۔ **<u>۵۰ بابت ۲۰۲۳ء کی، دفعہ ۳۷ کی ترمیم:۔</u>** مذکورہ ایکٹ کی، دفعہ ۳۷ میں، حرف ''o'' کو، لفظ ''یا'' سے تبدیل کر دیا جائے گا۔

# بیان اغراض ووجوہ

## پاکستان فضائی تحفظ تحقیقات (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۶ء

فروری ۲۰۲۵ء میں ایوی ایشن ڈویژن، ڈیفنس ڈویژن میں ضم ہو چکی ہے جب کہ پاکستان فضائی تحفظ تحقیقات ایکٹ، ۲۰۲۳ء میں اب بھی ایوی ایشن ڈویژن/وزارت کا ذکر موجود ہے۔ بیورو برائے فضائی تحفظ تحقیقات کے نام کی تصحیح کی گئی ہے اور اس کے نام میں پاکستان کا اضافہ کیا گیا ہے تا کہ مخفف BASI کی بجائے 'BASIP' ہو جائے۔ اس کے 'ڈائریکٹر' کو دیگر مماثل اداروں کے مطابق بطور 'ڈائریکٹر جنرل' نام دیا گیا ہے۔ جز وقتی یا عارضی ملازمین پر پابندی غیر معقول ہے اور ماہرین کو بیورو میں کارہائے منصبی انجام دینے سے روکتی ہے اور سروس کے بعد ایوی ایشن شعبہ میں ملازمت کی پابندیاں صرف بیورو کے سابق ڈائریکٹر جنرل، کل وقتی تفتیش کار یا دیگر مستقل ملازمین تک محدود کر دی گئی ہیں۔ ایسی صورت میں کسی افسر نے بیورو میں تین سال سے کم فرائض منصبی انجام دیے ہوں تو بعد میں ایوی ایشن سے متعلق ملازمت کے لیے پابندی کی مدت میں کمی کی تجویز دی گئی ہے۔ سیکرٹری دفاع، مفاد کے ٹکراؤ کی عدم موجودگی میں اور معاملہ در معاملے کی بنیاد پر بیورو کے سابق ملازم کی ملازمت وغیرہ سے متعلق پابندی میں رعایت کر سکے گا۔ اس ایکٹ کے تحت تمام جرائم کے لیے صرف سرسری تحقیقات درکار ہوں گی اور سرسری طریقہ کار میں ہی سماعت مقدمہ کی جا سکے گی۔ یہ اس لیے ضروری ہے کہ ارتکاب جرم رخلاف قانون فعل کے لیے معین سزا کے امر کو یقینی بنایا جا سکے۔ مزید برآں، ایکٹ ہذا میں متعدد واضح غلطیوں کی بھی نشاندہی کی گئی ہے جنہیں درست کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ لہٰذا، یہ بل پیش کیا جاتا ہے۔

(خواجہ محمد آصف)

وزیر دفاع